# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

کتاب 'کراچی' کی پڑھائی سے ایک ہفتہ قبل ٹیچر طلبا سے کہیں کہ کراچی کے متعلق معلومات تلاش کریں۔ ٹیچر خود بھی کراچی کے متعلق معلومات اور تصویریں جمع کرنا شروع کریں۔ یہ تصویریں اخبارات یا پرانے رسالوں سے کاٹی جا سکتی ہیں۔ شہر کی مختلف عمارتوں اور مناظر کے پکچر پوسٹ کارڈ بھی مل جاتے ہیں۔ اگر کسی طالب علم کے پاس کراچی کے بارے میں کوئی کتاب گھر پر موجود ہے تو والدین کی اجازت سے وہ بھی لا کر دکھائی جا سکتی ہے۔ سیشن 1 شروع کرنے سے پہلے ایک یا دو چارٹ پیپر یا سوفٹ بورڈ پر یہ تصویریں لگا دیں۔ اس طرح کلاس میں آویزاں کرنے سے وہ ہر ایک کو باآسانی نظر آئیں گی۔

# سیشن 1

10 منٹ

- ٹیچر طلبا سے لفظ شہر کے معنی پوچھیں۔ وہ نہ بتا سکیں تو ٹیچر خود بتائیں کہ شہر کے معنی 'بڑی آبادی والی جگہ' کے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دنیا میں بہت سے چھوٹے بڑے شہر ہیں۔ دنیا کے مختلف شہر اپنی تاریخ' ثقافت' عمارتوں' بازاروں' کولج اور یونیورسٹی یا پارک کی وجہ سے نمایاں اور مشہور ہیں۔ طلبا کو کتاب 'کراچی' دیں۔ بچے خاموشی سے کتاب پڑھیں۔ ٹیچر بچوں سے سوفٹ بورڈ یا چارٹ پیپر پر لگی تصاویر اور کراچی کے متعلق معلومات پر بات چیت کریں۔

10 منٹ

- بات چیت کے بعد دنیا کے مختلف بڑے شہروں کے نام اور ان کی وجہ شہرت کے متعلق بچوں کو بتائیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے کچھ معلومات درج ہیں مثلاً:

| وجہ شہرت | شہر | ملک |
|---|---|---|
| The Bond (Wai-Tan) historic walking street | شنگھائی | چین |
| Film Industry, Quaid-e-Azam's residence | ممبئی | انڈیا |
| Hama Riryu, Garden, Sensoji Temple, Tsuriji fish market | ٹوکیو | جاپان |
| Buckingham Palace, London Bridge, British Museum, Big Ben, Madame Tussaud's Wax Museum | لندن | یو کے (UK) |
| Eiffel Tower, Champs Elyses, Euro Disney | پیرس | فرانس |
| Khan Al-Khalili Market, Desert, Pyramids, River Nile | قاہرہ | مصر |
| Statue of Liberty, Empire State Building, Times Square, Central Park, National Museum of Anthropology | نیویارک | یو ایس اے (USA) |
| Top Kapi Palace, Blue Mosque, Covered bazaar | استنبول | ترکی |
| Ancient Ruins, Arena, Stadium, Monuments, Architectural Buildings | روم | اٹلی |
| Sea Port, Empress Market, Sindh Madarssa, Quaid's residence, Quaid's mazar, Industries | کراچی | پاکستان |

10 منٹ
- پہلے بلند آواز میں کتاب پڑھیں۔ بعد میں 5 سے 6 بچوں سے پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ
- بچوں سے کتاب کے متعلق اہم سوالات کریں۔ مثلاً:
  - کراچی شہر کیسے بنا اور پھیلا؟
  - اس کو بنانے میں کن لوگوں نے اہم کردار ادا کیا؟
  - اس کے مسائل کیا کیا ہیں؟

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے والدین یا رشتہ داروں کے ساتھ کراچی شہر کی سیر کا پروگرام بنائیں۔ سیشن 3 میں اس کے بارے میں مضمون لکھوایا جائے گا۔

# سیشن 2

10 منٹ
- 5 سے 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر کتاب کراچی سے مشکل الفاظ لکھیں۔ بچے کوپی میں دو کولم بنا کر پہلے کولم میں یہ الفاظ لکھیں۔

- بچوں سے معنی پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں دوسرے کولم میں معنی لکھیں۔ ٹیچر معنوں کو جملوں کی مدد سے سمجھائیں۔ بچے کسی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

20 منٹ
- مندرجہ ذیل سولات بورڈ پر لکھیں۔ بچے کتاب کراچی سے کوپی میں سوال اور جواب لکھیں۔

1 مچھیروں کی بستی ڈربو کے قریب واقع خاص چیزوں کے نام لکھیں۔
2 بندرگاہ کے ذریعے کس طرح کا کام کیا جاتا ہے؟
3 جمشید نصروانجی کو کس حوالے سے یاد کیا جاتا ہے؟
4 1947 سے پہلے اور 1947 کے بعد کراچی کی آبادی بڑھنے کی کیا وجوہات تھیں؟
5 کراچی شہر کی آبادی بڑھنے کی کیا وجہ ہے؟

## ٹیچر کے لئے نوٹ

بچوں سے پوچھیں اگر ان کے گھر میں کوئی بزرگ ایسا ہے جو کراچی کے بارے میں بات چیت کر سکیں اور اسکول آنے کو تیار ہوں۔ اسکول کی پرنسپل سے اجازت لے کر کسی چار بزرگوں کو جو کراچی کے بارے میں پرانی باتیں کر سکیں سیشن 4 میں بلانے کا انتظام کریں۔ کلاس میں اپنے4مہمانوں کو ایک ہی وقت میں بلوائیں۔ کوشش کیجئے کہ دو خواتین اور دو مرد ہوں۔

# سیشن 3

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کراچی کی سیر پر (جس کا کام سیشن 1 میں دیا گیا تھا) مضمون لکھیں۔

15 منٹ

- بچوں کو بتائیں کہ کراچی کی آبادی 1 کروڑ 30 لاکھ سے زائد ہے اور اس میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اس کی بڑی وجہ روزگار کے مواقع ہیں۔ روزگار کی تلاش میں لوگ ملک کے دوسرے حصوں سے کراچی میں آ کر بس جاتے ہیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ یہ کس قسم کے روزگار ہو سکتے ہیں۔ بورڈ پر ٹیچر ان پیشوں کے نام لکھیں۔ بچے کوپیوں میں اتاریں۔ مثلاً:

سرکاری نوکری، فیکٹریوں میں کام، مزدوری، پیشے جیسے ڈوکٹر وغیرہ وغیرہ، پرائیویٹ نوکری، گھروں میں نوکری، دفتروں میں نوکری، دکانداری وغیرہ

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچے شہر کراچی کی کسی ایک مشہور عمارت کی تصویر ڈھونڈیں اور اپنی کوپی میں مندرجہ ذیل معلومات لکھیں۔ یہ کام سیشن 5 میں لیا جائے گا۔

1 اس عمارت کا نام کیا ہے؟
2 یہ عمارت کراچی کے کس علاقے میں ہے؟
3 یہ عمارت کب سے قائم ہے؟
4 آج کل اس عمارت میں کیا ہوتا ہے؟ (رہائشی ہے یا سرکاری)

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 4 میں مہمانوں سے گفتگو کا بندوبست کریں۔

# سیشن 4

40 منٹ
- اپنے مہمانوں کا طلبا سے تعارف کر وائیں اور مہمانوں کو بتائیں کہ چونکہ بچے کراچی شہر کی تاریخ اور پچھلے لگ بھگ پچاس سالوں میں اس کی تبدیلیوں کے متعلق پڑھ رہے ہیں تو وہ ایسے لوگوں کی باتیں سننا چاہتے ہیں جنہوں نے کراچی شہر کو بدلتے ہوئے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

ٹیچر کے لئے نوٹ: آپ کی کوشش رہے کہ گفتگو کو شہر کے حوالے سے ایک ہی موڑ پر لائیں ورنہ ممکن ہے کہ بات ایسے رخ پر چلی جائے جس کا آپ کے مقصد سے کم تعلق رہ جائے۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے چاروں مہمانوں کے لئے شکریہ کا ایک خط لکھ کر یا کارڈ وغیرہ گھر سے بنا کر لائیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کے لئے ٹیچر کلاس میں جانے سے پہلے چارٹ پیپر، کلر مارکرز، گلو اور قینچی کا بندوبست کر لیں۔

# سیشن 5

30 منٹ
- 4 سے 5 بچوں کے گروپ بنائیں۔ ہر گروپ اپنی لائی ہوئی تصویریں اور معلومات چارٹ پیپر پر لکھے گا۔ یہ چارٹ پیپر کلاس میں ڈسپلے کریں۔

10 منٹ
- بچے اپنی پسند کے کسی ایک پیشے کے متعلق ایک پیراگراف لکھیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ: بچے جس وقت مضمون لکھ رہے ہوں ان کے لائے ہوئے خطوط، کارڈ وغیرہ 4 بڑے لفافوں میں جمع کریں۔ یہ لفافے اپنے مہمانوں کو پہنچائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- کتاب کراچی پڑھ کر آئیں۔ سیشن 6 میں کوئز (quiz) ہو گا۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 6 کے لئے quiz کے سوالات کی فہرست بنائیں۔

# سیشن 6

45 منٹ

- کتاب کراچی کے حوالے سے کلاس کے 2 گروپ کے درمیان کوئز (quiz) مقابلہ کروائیں۔ بنائی ہوئی فہرست سے دونوں گروپ سے باری باری سوال پوچھیں۔ جج کے فرائض انجام دینے کے لئے کسی دوسری ٹیچر کو بلائیں۔

This Teacher's Guide was written by Rumana Husain. It was reviewed and edited by the Teachers' Guide Development Committee of the Bookgroup comprising Kashfa Samad, Jacqueline Mirza, Rizwana Rehman and Rakhshee Niazi.

Copyright © Bookgroup

All rights reserved. No part of this book may be reproduced, transmitted or stored in an information retrieval system in any form or by any means, graphic, electronic or mechanical, including photocopying, taping and recording, without prior written permission from the publisher.

Printed in Pakistan by

JTS Printers, Karachi

# کراچی
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

**not for sale**